PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

اظہر علی اور فخر زمان کی عمدہ بیٹنگ کی بدولت ٹیم گرین کی 6 وکٹوں سے کامیابی

- پہلی اننگز میں خسارے کا شکار ٹیم کے کپتان اظہر علی کی دوسری اننگز میں شاندار سنچری
- دس چوکے اور چھ چھکے لگانے والے فخر زمان نروس نائنٹیز کا شکار
- وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان کی سنچری رائیگاں

ڈربی،20 جولائی 2020ء :

دی انکورا کاؤنٹی گراؤنڈ ڈربی میں کھیلے گئے چار روزہ انٹرا اسکواڈ پریکٹس میچ میں ٹیم گرین نے ٹیم وائیٹ کو 6 وکٹوں سے شکست دے دی۔ پہلی اننگز میں خسارے کا شکار ٹیم گرین نے کپتان اظہر علی کی سنچری کی بدولت 353 رنز کا ہدف 88.1 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ جارحانہ انداز اپنانے والے اوپنر فخر زمان نروس نائنٹیز کا شکار ہوئے۔

اوپنر محمد حفیظ کے 2 رنز پر پویلین واپس لوٹنے کے بعد دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 159 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ فخر زمان 128 گیندوں پر 10 چوکوں اور 6 چھکوں کی بدولت 99 رنز بناکر محمد موسیٰ کی گیند پر کیچ آوٹ ہوگئے۔ بائیں ہاتھ کے اوپنر کے آوٹ ہونے کے باوجود کپتان اظہر علی نے پر اعتماد بیٹنگ کا سلسلہ جاری رکھا۔

انہوں نے مڈل آرڈر بیٹسمین اسد شفیق کے ساتھ مل کر تیسری وکٹ کے لیے 129 رنز جوڑے تھے کہ اظہر علی کو 120 رنز پر ریٹائرڈ آوٹ قرار دے دیا گیا۔ 225 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 10 چوکے شامل تھے۔

ٹیم گرین کے دوسرے ریٹائرڈ آوٹ ہونے والے بیٹسمین اسد شفیق تھے۔ وہ 9 چوکوں اور 2 چھکوں کی بدولت 67 رنز بناکر ریٹائرڈ آوٹ ہوئے۔

میچ کے آخری سیشن میں افتخار احمد نے 28 اور سرفراز احمد نے 19 رنز بنا کر ٹیم کو فتح سے ہمکنار کردیا۔ دونوں کھلاڑی ناقابل شکست رہے۔ ٹیم وائیٹ کے شاہین شاہ آفریدی اور محمد موسیٰ نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

ادھر میچ کے آخری روز ٹیم وائیٹ نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 245 کے مجموعے سے اپنی دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کیا تو وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان 81 اور شاداب خان 29 کے انفرادی اسکور پر بیٹنگ کر رہے تھے۔ دونوں بلے بازوں نے اپنے انفرادی اسکور میں بالترتیب 19 اور 10 رنز کا اضافہ کیا تو کپتان بابر اعظم نے اننگز ڈکلیئر کردی۔

محمد رضوان نے 14 چوکوں کی بدولت 100 اور شاداب خان نے 39 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلیں۔ ٹیم گرین کے یاسر شاہ نے 2 جبکہ محمد عباس، نسیم شاہ اور فہیم اشرف نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

اس سے قبل پہلی اننگز میں 249 رنز کے جواب میں ٹیم گرین کی پوری ٹیم 181 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS
WASH HANDS · USE SOAP · KEEP THE DISTANCE · AVOID CROWDS · WEAR MASK · COUGH IN THE ELBOW · KEEP HYDRATED · STAY AT HOME
Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4